**28.09.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

.................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک بار پھر کہا ہے کہ سودیشی خریدنا، ملک کو خودکفیل بنانے کا واحد راستہ ہے۔

☆ آکاشوانی پر اپنے، من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ آئندہ تہوار سودیشی مصنوعات کے ساتھ منائیں اور ووکل فار لوکل کو اپنا شعار بنائیں۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نے مذاکرات، سلامتی اور تال میل پر کام کرنا شروع کیا ہے جس کے نتیجے شمال مشرق میں حفاظتی عملے کی اموات میں 70فیصد کمی آئی ہے۔

☆ تمل ناڈو سرکار نے کرور میں ایک ریلی میں بھگدڑ کے واقعے کی تفتیش کیلئے ایک رکنی کمیشن تشکیل دیا ہے۔ اس واقعے میں 40افراد ہلاک ہوگئے۔

☆ نئی دلّی میں عالمی ورلڈ فوڈ انڈیا 2025اختتام پذیر ہوگیا ہے۔ اس کے دوران سرمایہ کاری کے ایک لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کے وعدے کئے گئے ہیں۔

☆ اقوام متحدہ نے ایران پر اُس کے نیوکلیائی پروگرام کی وجہ سے اقتصادی اور فوجی بندشیں، ایک بار پھر لاگو کردی ہیں۔

☆ اور ایشیا کپ ٹی–ٹوینٹی میں دوبئی میں بھارت اور پاکستان کے درمیان فائنل میچ جاری ہے۔

.................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Mann Ki Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ایک بار پھر کہا ہے کہ ملک کو خودکفیل بنانے کا واحد راستہ، سودیشی چیزوں کو خریدنا ہے۔ آکاشوانی پر اپنے، من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ آئندہ تہواروں کی تقریبات سودیشی اشیا کے ساتھ منائیں اور ووکل فار لوکل کو اپنا طریق کار بنائیں۔ انھوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ ملک میں ہی تیار کی گئی چیزوں کو خریدنے کا عزم کریں۔

جناب مودی نے اِس بات پر زور دیا کہ تہواروں کے دنوں میں صفائی ستھرائی محض گھروں تک محدود نہ رہے بلکہ یہ سڑکوں، پڑوس، بازاروں اور گاؤں میں بھی ہونی چاہئے۔ گاندھی جینتی کا ذکر کرتے ہوئے جو 2اکتوبر کو

منائی جائے گی، وزیر اعظم نے کہا کہ مہاتما گاندھی نے ہمیشہ سودیشی اختیار کرنے پر زور دیا اور اِن اشیا میں کھادی سب سے زیادہ نمایاں ہے۔انھوں نے کہا کہ پچھلے 11 سال میں کھادی کی جانب ملک کے کافی زیادہ لوگ راغب ہوئے ہیں۔

S/B PM-1

وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کی بیٹیاں، تجارت سے لے کر کھیل کود تک اور تعلیم سے لے کر سائنس تک، ہر میدان میں ایک نقش قائم کررہی ہیں۔ جناب مودی نے بھارتی بحریہ کی دو بہادر افسران کے کارناموں کا خاص طور پر ذکر کیا جو ناویکاساگر پریکرما کے دوران آٹھ مہینے تک سمندر میں رہی تھیں۔

آج کے من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم نے لیفٹیننٹ کمانڈر دِلنا اور لیفٹیننٹ کمانڈر روپا کا ذکر کیا۔ انھوں نے یہ کہتے ہوئے اُن کے تجربات کا ذکر کیا کہ ایسا موقع زندگی میں ایک ہی بار آتا ہے۔

S/B PM-2

وزیر اعظم نے آئندہ وجے دشمی تہوار کا خاص طور پر ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک اور وجہ سے بھی خصوصیت کا حامل ہے۔ اِس دن راشٹریہ سویم سیوک سنگھ قیام کے 100 سال پورے ہو رہے ہیں۔ جناب مودی نے خاص طور پر کہا کہ 100 سال کا یہ سفر ایک حیرت انگیز اور بے مثال سفر ہے کیونکہ اس سے تحریک حاصل ہوتی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ 'من کی بات' کے اِس 126ویں نشریے کی خصوصی اہمیت ہے کیونکہ آج مجاہد آزادی بھگت سنگھ اور گلوکارہ لتامنگیشکر کا یومِ پیدائش ہے۔ انھوں نے یہ کہتے ہوئے بھگت سنگھ کو خراجِ عقیدت پیش کیا کہ وہ ایک لافانی شہید ہیں جن سے ملک کے ہر شہری کو جذبہ فراہم ہوتا ہے۔

وزیر اعظم مودی نے لتامنگیشکر کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اُن کے گیت ہمیشہ انسانی جذبات کو بیدار کرتے رہیں گے اور اُن کے وطن پرستی کے گانوں سے لوگوں کو زبردست تحریک ملتی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ لتامنگیشکر، ویرساورکر سے کافی متاثر تھیں، جنھیں وہ تاتیا کہتی تھیں۔

وزیر اعظم نے فلسفی ایس ایل بھائیرپّا کو بھی خراجِ عقیدت پیش کیا جن کا کچھ دن پہلے ہی انتقال ہوا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اُن کے کام سے نوجوان نسل کی سوچ کو رہنمائی ملتی رہے گی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اُن کے کنڑ کام کے کئی ترجمے بھی دستیاب ہیں۔x

## HM Naxal Mukt

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ آج شمال مشرق اور جموں وکشمیر، ترقی اور امن کے راستے پر آگے بڑھ رہے ہیں۔ وہ نئی دلّی میں ایک قومی سربراہ کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، جس کا عنوان تھا 'نکسل مکت بھارت :مودی قیادت کے تحت سُرخ دہشت گردی کا خاتمہ' اِسی دوران، اِس خطے میں تشدد کے سبب ہونے والی شہریوں کی اموات میں بھی 85 فیصد کی کمی آئی ہے۔ شمال مشرق میں کی گئی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ امن سے متعلق 12 بڑے معاہدوں پر دستخط کئے گئے ہیں اور دس ہزار 500 سے زیادہ نوجوان ہتھیار ڈال کراصل دھارے میں شامل ہوئے ہیں۔

انھوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں دفعہ 370 ختم کیا جانا اور پاکستان کی پشت پناہی والی دہشت گردی کے خلاف کارروائی کے کافی اہم نتائج برآمد ہوئے ہیں۔

اُسی وقت سے حفاظتی عملے کی اموات میں 65فیصد اور شہریوں کی اموات میں 77فیصد کی آئی ہے۔

S/B Amit Shah

## Chhattisgar Maoist Killed

چھتیس گڑھ میں Kanker ضلعے کے Tiriyarpani کے جنگلوں میں آج حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں ایک خاتون سمیت 3ماؤنواز مارے گئے۔ اِن ماؤنوازوں کے سر پر 14لاکھ روپے کا انعام تھا۔ حفاظتی دستوں نے جائے واقعہ سے ایک SLR، ایک 303رائفل، 12 bore کی ایک بندوق اور ماؤنوازوں سے متعلق دوسرے مواد ضبط کیے ہیں۔ ہلاک کیے جانے والے ماؤنوازوں میں Sitandi-Nagari Area کمیٹی کا سکریٹری Shravan Madkam عرف وشوناتھ شامل ہے، جس کے سر پر 8لاکھ روپے کا انعام تھا۔ x

## Karur Stampede

تمل ناڈو سرکار نے Karur میں ایک سیاسی ریلی کے دوران ہونے والی بھگدڑ کے واقعے کی چھان بین کیلئے ہائی کورٹ کی سابق جج، جسٹس Aruna Jagadeesan کی سربراہی میں ایک رکنی تحقیقاتی کمیشن تشکیل دی ہے۔ اِس واقعے میں 40افراد ہلاک اور 80سے زیادہ زخمی ہوئے تھے۔ یہ واقعہ، کل Tamilaga Vetri Kazhagam کی جانب سے منعقدہ ایک بڑے اجتماع کے دوران ہوا، جس کا اہتمام، اداکار سے سیاستداں بننے والے اور پارٹی کے بانی وجے کا خیر مقدم کرنے کیلئے کیا گیا تھا۔ انکوائری کمیشن نے آج شام اپنی تحقیقات شروع کر دی ہے اور جسٹس Jagadeesan نے اُس جگہ کا دورہ کیا جہاں یہ واقعہ پیش آیا تھا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Joy

بھگدڑ کے واقعے کو تقریباً 24 گھنٹے گزر چکے ہیں۔ فورینسک ماہرین کی جانچ کیلئے جائے واقعہ کی مکمل طور پر گھیرا بندی کر دی گئی ہے۔ اسپتالوں میں دلخراش منظر ہے جہاں لوگوں کو اُن کے رشتے داروں کی لاشیں سپرد کی جا رہی ہیں۔ اسپتالوں میں حفاظتی اقدامات سخت کر دیئے گئے ہیں کیونکہ سیاسی رہنماؤں کے وہاں پہنچنے کا سلسلہ جاری ہے۔ جسٹس Aruna Jagadeesan نے بھی مختلف اسپتالوں کا دورہ کیا، جن میں زخمیوں کا علاج ہو رہا ہے۔

چنئی سے Joy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں رضی احمد

وزیر اعظم نریندر مودی نے مہلوکین کے قریبی رشتے داروں کو وزیر اعظم کے قومی امدادی فنڈ سے دو دو لاکھ روپے دیئے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ x

**Seva Parv**

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سُساشن یعنی عوامی خدمات اور اچھی حکمرانی کے منتر کی روشنی میں یکسر تبدیلی اور ترقی کیلئے انتھک کام کرتی رہی ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز ’سیوا پرو‘ میں ہم اِس بات کا ذکر کر رہے ہیں کہ کیسے مودی حکومت نے پی ایم کسان سمّان نِدھی کے ذریعے، ملک کے کسانوں کو بااختیار بنایا۔

S/B Prime Minister

بھارت صدیوں سے زراعت کی زمین رہا ہے اور آج بھی ملک کی آبادی کا ایک بڑا حصہ، اپنی گذر بسر کیلئے زراعت پر انحصار کرتا ہے۔ تاہم کسان جو اناج کی ہماری ضرورت پوری کرتے ہیں اُنھیں اکثر بہت سے چیلنجوں کا سامنا ہوتا ہے۔ اُن کی اِس جدوجہد کو سمجھتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے، پردھان منتری کسان سمّان نِدھی، پی ایم کسان اسکیم کا اعلان کرکے اُن کی مدد کی ہے۔ اترپردیش کے شہر گورکھپور میں 24فروری 2019 کو اسکیم کاافتتاح کرتے ہوئے انھوں نے کہا تھا:پی ایم کسان اسکیم، ملک میں سب سے بڑے فلاحی اقدامات میں سے ایک ہے۔

**GST Reforms Childcare Products**

وزیر اعظم نریندر مودی کے اعلان کردہ GST بچت اُتسو سے معاشرے کے سبھی طبقوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ یہ بچت اُتسو، اِس مہینے کی 22تاریخ کو شروع ہوا ہے۔ اگلے سلسلے کی GST اصلاحات، بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو سَہل بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اِن اصلاحات کے تحت مختلف اشیاء اور خدمات پر ٹیکس کی شرحوں میں کمی کیے جانے سے شہریوں کو خاطر خواہ فائدہ پہنچ رہا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...

VC Rohan

حکومت نے بچوں کی نگہداشت سے متعلق مصنوعات پر GST کم کرکے عام آدمی پر بوجھ کم کیا ہے۔ اگلے سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت بچوں کی نگہداشت سے متعلق بہت سی مصنوعات مثلاً دودھ پلانے والی بوتلوں، نیپکینس اور بچوں کیلئے napkin liners پر ٹیکس 12فیصد سے کم کرکے 5فیصد کر دیا گیا ہے۔ اِسی طرح حکومت نے Ultra-High Temperature دودھ پر ٹیکس بالکل ختم کر دیا ہے۔ اِس کے علاوہ تھرما میٹرس پر GST کم کرکے 5فیصد کر دیا گیا ہے۔ اِس سے پہلے یہ 18فیصد تھا۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے اترپردیش کے شہر وارانسی کی ایک باشندہ کومل نے GST کم کرنے کے حکومت کے فیصلے کو سراہا ہے۔

S/B: Komal GNR Mail

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس مہینے کی 21تاریخ کو شہریوں سے زور دے کر کہا تھا کہ وہ سودیشی مصنوعات خریدیں تاکہ گھریلو صنعتوں، سامان تیار کرنے والے چھوٹے کاروباریوں، مقامی دستکاروں اور MSMEs کو فائدہ پہنچے۔

Rohan کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں‌عبدالواحد

**EC Central Observers**

بھارت کے چناؤ کمیشن نے بہار میں آنے والے اسمبلی انتخابات اور مختلف ریاستوں میں 8اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کیلئے مرکزی مشاہدین کی تعیناتی کا اعلان کیا ہے۔ اِن مشاہدین میں پولیس اور اخراجات سے متعلق مشاہدین شامل ہوں گے۔ مرکزی مشاہدین کے طور پر 320، IAS اور IPS افسروں سمیت کُل 470افسروں کو تعینات کیا جائے گا۔ جن اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات ہونے والے ہیں، اُن میں جموں و کشمیر کی بڈگام اور Nagrota سِیٹ، راجستھان کی Anta سِیٹ، جھارکھنڈ کی گھاٹ سِیلا سیٹ، تلنگانہ کی Jublee Hills سیٹ، پنجاب کی تَرن تارَن سیٹ، میزورم کی Dampa سیٹ اور اوڈیشہ کی Naupada سیٹ شامل ہیں۔x

**Food India MoUs**

چار دن سے جاری ورلڈ فوڈ انڈیا 2025، آج ختم ہوگیا، جس میں ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کا عہد کیا گیا۔ بھارت کے خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے شعبے میں یہ سب سے بڑے اعلانات میں سے ایک ہے۔ اِس موقع پر 26سرکردہ گھریلو اور بین الاقوامی کمپنیوں نے مفاہمت کے اقرار نامے پر دستخط کیے۔ ایک بیان میں خوراک کو ڈبہ بند کرنے کی صنعتوں کی وزارت نے کہا ہے کہ اِن سمجھوتوں سے 64ہزار سے زیادہ افراد کو براہ راست روزگار ملنے اور 10لاکھ سے زیادہ افراد کو روزگار کے بالواسطہ مواقع حاصل ہونے کی امید ہے۔ وزارت نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ سرمایہ کاری کے سلسلے میں پورے ملک میں مختلف شعبوں کا احاطہ کیا جائے گا۔ x

**Maha Rain**

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے ممبئی، تھانے، رائے گڑھ اور پالگھر ضلعوں میں کل صبح تک کیلئے شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ Brihan ممبئی میونسپل کارپوریشن کے آفات کے بندوبست سے متعلق cell نے خبر دی ہے کہ سینٹرل اور ویسٹرن ریلوے کی لائنوں پر مقامی ریل گاڑیوں کی آمد و رفت میں کچھ تاخیر ہو رہی ہے، جبکہ بسیں معمول کے مطابق چل رہی ہیں۔ تھانے اور پالگھر میں گزشتہ 24 گھنٹے سے شدید بارش ہو رہی ہے، جس سے جگہ جگہ پانی بھر گیا ہے اور کئی مکان گر گئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Bhavana

**Iran Sanction**

اقوام متحدہ نے ایران پر ایک بار پھر اقتصادی اور فوجی بندشیں عائد کردی ہیں۔ یہ بندشیں 2015میں نیوکلیائی معاہدے کے تحت 10سال پہلے ختم کردی گئی تھیں۔

برطانیہ، فرانس اور جرمنی نے، ایران کی لگاتار نیوکلیائی پیشرفت اور تعاون میں کمی کا ذکر کرتے ہوئے اِن بندشوں کو لاگو کرنے کی بات کہی ہے۔ جون میں ایران کے نیوکلیائی اور فوجی مقامات پر اسرائیل اور امریکہ کے فضائی حملوں کے بعد ایران کی طرف سے معائنے کی کارروائیوں کو معطل کئے جانے پر یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔

ایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے اِن بندشوں کو غیرمنصفانہ اور غیرقانونی قرار دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایران نیوکلیائی ہتھیار نہیں بنانا چاہتا۔ البتہ انھوں نے خبردار کیا کہ اِن بندشوں کو دوبارہ عائد کئے جانے سے، بات چیت کا عمل رُک سکتا ہے۔کارروائی سے متعلق مشترکہ جامع منصوبے JCPOA کے مطابق بندشوں میں راحت کے بدلے، ایران کو نیوکلیائی پروگرام محدود کرنا ہوگا۔x

## Cricket Asia Cup

کرکٹ میں، دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں ایشیا ٹی–ٹوینٹی کپ کے خطابی مقابلے میں بھارت نے ٹاس جیتا اور پاکستان کے خلاف پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔آخری خبریں موصول ہونے تک پاکستان نے 7وکٹ پر 17 اوورز میں 132رن بنالئے تھے۔بھارت نے آج کے فائنل میچ میں تین اہم بدلاؤ کئے ہیں۔ ہارِدک پانڈیا چوٹ کے سبب میچ سے باہر ہیں، جن کی جگہ رِنکو سنگھ کو موقع دیا گیا ہے جبکہ ارشدیپ سنگھ اور ہرشت رانا کی جگہ جسپریت بمراہ اور شیوم دوبے کی واپسی ہوئی ہے۔ ایشیا کپ کی تاریخ میں 17ایڈیشن اور 41برسوں میں پہلا موقع ہے جب بھارت اور پاکستان کے درمیان فائنل میچ کھیلا جارہا ہے۔آٹھ خطاب کے ساتھ بھارت اب تک اس ٹورنامنٹ میں سب سے کامیاب ٹیم رہی اور 2023 کا ون ڈے خطاب جیتنے کے بعد دفاعی چمپئن کے طور پر مقابلے میں پہنچی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆